
© rasailojaraid.com



# تعارف تبصرہ کتب

کتاب ''الاحسن'' دورۂ تفسیر نمبر۔ مدیر مسئول: شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا مفتی محمد زرولی خان صاحب مدظلہ

ناشر: جامعہ عربیہ احسن العلوم گلشن اقبال کراچی۔

شعبان ورمضان کے مہینوں میں مدارس عربیہ بند ہو جاتے ہیں۔ دو ڈھائی مہینے کی طویل چھٹیاں ہوتی ہیں' اکابرین علماء کرام نے طلباء کے اوقات کو مصروف کرنے اور ان کو علوم قرآنیہ سے آراستہ کرنے کیلئے اور رمضان المبارک قرآن پاک کے خصوصی تعلق کو قائم رکھنے کیلئے ان دو مہینوں میں دورہ تفسیر کی سنت حسنہ کی بنیاد رکھی ہے اور انہی حضرات کے نقش قدم پر چلتے ہوئے متاخرین اہل علم بھی شعبان ورمضان میں دورہ تفسیر کراتے ہیں۔ ان ارباب علم میں ممتاز علمی شخصیت' شیخ التفسیر والحدیث مولانا مفتی محمد زرولی خان صاحب بھی ہیں۔ ۱۹۸۸ء سے جاری شدہ اس سلسلہ نے روز بروز قبولیت حاصل کی ہے۔ ردِ فرق باطلہ' اہل حق کی ترجمانی' اہل بدع کی سرکوبی اور غلط رسوم ورواج پر مدلل اور مفصل بحث حضرت مفتی صاحب کے درس کے نمایاں خصوصیات ہیں۔ جامعہ عربیہ احسن العلوم کے مؤقر جریدہ ''الاحسن'' نے طلباء وعلماء پر احسان کرتے ہوئے حضرت مفتی صاحب کے دورہ تفسیر کے احوال کے علاوہ اعجاز قرآن اور دیگر علوم قرآنیہ پر مشتمل دورۂ تفسیر نمبر شائع کیا ہے۔ اس نمبر میں شامل جملہ اہل علم وتحقیق کے وقیع اور محققانہ مضامین قابل دید ہیں اور ہر مضمون دریا بکوزہ کا مصداق ہے۔ اکثر مقامات حضرت مفتی صاحب کی تعریف وتحسین پر مبنی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ماہنامہ الاحسن کے نائب مدیر محمد ہمایوں مغل کو اس سعی وکوشش پر جزائے خیر عطا فرمائے اور آپکی اس کوشش کو قبول فرمائے۔ (مختار اللہ حقانی)

---

کتاب: البشریٰ لأرباب الفتوی    تحقیق وترتیب وترجمہ: مولانا مفتی محمد وہاب منگلوری

افادات: محدث کبیر فقیہ العصر مفتی اعظم عارف باللہ حضرت مولانا مفتی محمد فرید صاحب دامت برکاتہم

شائع کردہ: الفرید اکادمی دارالعلوم صدیقیہ زروبی ضلع صوابی صفحات: ۱۱۲ قیمت: درج نہیں

حضرت مولانا مفتی محمد فرید صاحب مدظلہ زمانہ حال کی ان چند علمی وروحانی شخصیات میں سے ہیں جو کسی تعارف وتبصرہ کے محتاج نہیں۔ آپ کئی سالوں تک جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے شیخ الحدیث اور رئیس دارالافتاء رہ چکے ہیں۔ ویسے تو دینی مناصب کا ہر منصب ذمہ داری والا ہوتا ہے' مگر ان مناصب میں سے اہم منصب افتاء ہے جو انتہائی نازک ہے۔ اسکے علاوہ رہن سہن کے طریقوں' لوگوں کے طبائع' انکے تعامل وعادات اور انکے طریقہ بودوباش واقفیت بھی لازمی امر ہے۔ زیر نظر کتاب البشریٰ لأرباب الفتویٰ انہی اصول پر مبنی ہے۔ تعارف کیلئے کتاب کا آپ مدظلہ کی طرف نسبت ہی کافی ہے' اس کتاب کے مرتب برادرم مولانا مفتی محمد وہاب حقانی نے مزید افادہ کیلئے آسان اور سلیس اردو زبان میں ترجمہ کیا ہے اور ساتھ موجز عن الاجتہاد والتقلید والائمۃ الاعلام اور منظومہ عقود رسم المفتی کے الحاق نے سونے پر سہاگہ کا کام دیا ہے۔ اس سعی جمیلہ پر موصوف مبارکباد کے مستحق ہیں۔ یہ کتاب ہر خاص وعام کے لئے نہ صرف مفید ہے بلکہ اصول افتاء میں مشغول [illegible] ہے۔ (مختار اللہ)

© rasailojaraid.com